# بورڈآف انٹرمیڈیٹ اینڈسیکنڈری ایجوکیشن،گوجرانوالہ

مراسلہ نمبر:۔ 470 ۔رجسٹریشن                                                                 مورخہ:۔ 02-09-2026

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ۔

عنوان: **شیڈول ری ایڈمیشن/ری رجسٹریشن برائے جماعت نہم (9th) تعلیمی سیشن 2026-2028**

گوجرانوالہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ رجسٹریشن شیڈول زیر نمبر 462 رجسٹریشن مورخہ 29-04-2026 کے تسلسل میں جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان جماعت نہم سالانہ 2026 میں پاس امیدواران (رزلٹ منسوخ کروانے کے بعد) اور فیل/غیر حاضر امیدواران کو جماعت نہم میں دوبارہ داخلہ کی اجازت دی جارہی ہے۔نیز ایسے امیدواران جو کہ ادارہ جات میں بروقت داخلہ ہوئے مگر فریش امیدواران کی رجسٹریشن کے لیے جاری کردہ شیڈول میں رجسٹریشن نہیں کرواسکے۔تاہم سربراہان ادارہ جات کی طرف سے آمدہ درخواستوں کے پیش نظر خصوصی فیس کے ساتھ رجسٹریشن کی بھی اجازت دی جارہی ہے۔

**شیڈول حسب ذیل ہوگا**

| نمبر شمار | اداروں میں داخلہ،آن لائن ڈیٹا انٹری،بینک میں فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | |
|---|---|---|
| -1 | 02-09-2026 تا 01-10-2026 | |
| -2 | رجسٹریشن فیس برائے ری ایڈمیشن | رجسٹریشن فیس+پروسیسنگ فیس+سپورٹس فیس+سکالرشپ فیس+ ڈویلپمنٹ فنڈ<br>**1000+500+200+150+200=-/2050 روپے فی امیدوار** |
| -3 | رجسٹریشن فیس برائے فریش ایڈمیشن | رجسٹریشن فیس+پروسیسنگ فیس+سپورٹس فیس+سکالرشپ فیس+ ڈویلپمنٹ فنڈ+لیٹ رجسٹریشن فیس+خصوصی فیس<br>**1000+500+200+150+200+600+5350=-/8000 روپے فی امیدوار** |

**نوٹ:۔**

(1)- شیڈول کے تحت بقیہ شرائط قبل ازیں جاری شدہ مراسلہ جات کے مطابق ہونگی۔

(2)- آن لائن انرولمنٹ/رجسٹریشن کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ Active ہے۔

(3)- مورخہ 01-10-2026 کے بعد جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

(4)- رجسٹریشن سیشن 28-2026 برائے جماعت نہم میں قبل ازیں رجسٹرڈ امیدواران کی رجسٹریشن منسوخ کرنے کی آخری تاریخ 01-10-2026 اور مجوزہ فیس مبلغ -/1000 روپے فی امیدوار ہوگی۔ **(اُمیدواران کی رجسٹریشن منسوخی ادارہ جات اپنی ویب پورٹل سے خود کریں گے۔رجسٹریشن منسوخی کی دستی/مینوئل درخواست پر کسی قسم کا عملدرآمد نہیں کیا جائے گا)**

(5)- امتحان جماعت نہم سالانہ 2026ء کے پاس امیدواران کے رزلٹ کی منسوخی کے لئے جناب اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (نہم) سے بالمشافہ رابطہ کریں۔یا معلومات کے لئے ٹیلی فون نمبر 055-3894499 اور 055-9200751-755 ایکسٹینشن 159 پر رابطہ کریں۔

**مزید معلومات کیلئے رجسٹریشن (آن لائن) برانچ ٹیلی فون نمبرز: 055-3894599 اور 055-9200751-755 ایکسٹینشن 120 پر رابطہ کریں۔ یا بورڈ کی ویب سائٹ https://www.bisegrw.edu.pk** وزٹ کریں۔

**(پروفیسر رشید احمد بھٹی)**

سیکرٹری

**کاپی برائے اطلاع:**

۱۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) **گوجرانوالہ،گجرات،حافظ آباد،سیالکوٹ،منڈی بہاؤالدین اور نارووال**

۲۔ جملہ سیکرٹریز،پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں وکشمیر بورڈ)

۳۔ جملہ سربراہان ادارہ جات ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

۴۔ جناب پی آر او بورڈ ہذا

۵۔ جملہ برانچ افسران بورڈ ہذا

۶۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)